لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۳۵	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۳ رجب المرجب ۱۳۴۱ھ مطابق ۱۲ مارچ ۱۹۲۳ء	نمبر ۱۱

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	رخصت مدرس ریاضی ہائی اسکول	۱
۲	نسبت اجراء ٹکٹ قمار بازی بہ بازار چہلی واپس ہونا	۱
۳	رخصت سب انسپکٹر پولیس	۲
۴	رخصت محافظ دفتر محکمات صدر	۲
۵	رخصت خوشنویس رکتب شاہ	۲
۶	نقشہ زرخانہ اجناس	ضمیمہ

ملخص حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

رخصت

۵ مارچ ۱۹۲۳ء

حسب عرضداشت صاحب ہوم سکریٹری بہادر ولی نوری لال مدرس ریاضی ہائی اسکول مشاہرہ دو صد پچیس روپیہ ماہوار کی رخصت ۱۶ مارچ سے ۱۵ اپریل ۱۹۲۳ء تک بغرض شرکت امتحان کیا ٹینل یونیورسٹی منظور فرمائی گئی۔

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم
واقع ۶ مارچ سنہ ۱۹۲۳ء

حسب استدعا صاحب ریونیو سکریٹری بہادر بازار پٹی و مانپور مین ایکٹ قمار بازی کے اجرا کی منظوری دیجاتی ہے۔ بغرض اجرائے احکام کاغذ واپس ہون۔

اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

بغرض [illegible]

جناب عالی

سب انسپکٹر سوار نے ۱۰ اگست سنہ ۱۹۲۲ء کو رپورٹ کی ہے کہ قصبہ سوار دکاشی پورہ چک مین جنکی آبادی متصل ہے۔ قانون قمار بازی کا نفاذ سنہ ۱۹۱۲ء مین ہوچکا ہے بازار ہائے پٹی و مانپور کے متعلق سنہ ۱۹۱۹ء یہ حکم ہوا ہے کہ اگر ایکٹ لگایا جائے تو دفعہ ۱۳ تعزیرات ہند کی کارروائی ہونا چاہیے۔ سب انسپکٹر مذکور کی استدعا ہے کہ بجائے دفعہ ۱۳ کی کارروائی کے دفعہ ۱۳ قانون قمار بازی کی کارروائی کرنے کی اجازت ہوجائے تو زیادہ مناسب ہے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس نے بھی سب انسپکٹر سوار کی رائے منظور کی جانے کی بابت تحریر کیا ہے۔ لہذا بلحاظ ترقی خواہی ہر دو بازار پٹی و مانپور مین ایکٹ قمار بازی کے اجرا کی منظوری مرحمت فرمائی جائے تو مناسب ہے بغرض صدور حکم منظوری کاغذات متعلقہ ارسال حضور ہیں۔ والادب

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
رخصت

۸ مارچ سنہ ۱۹۲۳ء

حسب تحریر صاحب چیف سکریٹری بہادر۔ رخصت یکہفتہ سید غالب علی صاحب بیگ بغرض روانگی وطن منظور ہوئی۔

۸ مارچ سنہ ۱۹۲۳ء

حسب رپورٹ حاکم صاحب صدر۔ رخصت بیکار محافظ دفتر کلیات صدر بذمہ داری نائب محافظ دفتر کلیات صدر منظور کی گئی۔

ملخص حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر
رخصت

۴ مارچ سنہ ۱۹۲۳ء

حسب تصدیق صاحب کنٹرولر آف ہاؤس ہولڈ۔ رخصت رعایتی یکماہ میر احمد حسن خوشنویس ملازم کتب خانہ بغرض علاج چشم منظور کی گئی۔

سرکاری پریس ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۵ لغایت ۱۱ مارچ ۱۹۲۲ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ٹانک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم		۸		۱۰۶		۱۷	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص		۱۰۵		۱۹		۱۸	
نخود کتہ آمیز		۱۹		۱۹		۱۹	
کتہ		۱۰۹		۱۱۰		۱۰۱	
ماش		۱۰۸		۱۸		۱۸	
مونگ		۸		۱۸		۱۰	
مکا		۰		۱۶		۱۵	
جنی		۰		[illegible]		۱۱	
گوجنی		۰		۱۸		۱۹	
[illegible]		۰		۱۸	۰	۱۷	
ارہر		۰		۱۱۰		۰	
برنج		۱۰۳		۱۵		۱۵	
روغن زرد		[illegible]		[illegible]		[illegible]	
روغن سیاہ		۱۰		۱		[illegible]	
روغن کنجد		۱۲		۱۲		[illegible]	
نمک سانبھر		۱۱۰		۱۲۰		۱۱	
نمک لاہوری		۱۷		۱۵		۱۴	
قند سیاہ		۱۵		۱۵		۱۵	
باجرہ		۱۸		۰		۱۹	